## کمزور افعال: هَدٰی

اب ہم ایسے ایک اور فعل کو سیکھتے ہیں جس کے آخر میں کمزور حرف ہے: هَدٰی۔ اس کے صیغے بناتے وقت یہ خیال رکھیے:

- ماضی کی چابی: هَدٰی۔ اس کی جمع ہوگی هَدَوْا جیسے دَعَا کی جمع دَعَوْا آپ نے بنائی تھی۔ بقیہ صیغے هَدَيْتَ اور اس کے طرز پر ہوں گے۔
- مضارع کی چابی: ضَرَبَ يَضْرِبُ کی طرح هَدٰی يَهْدِيْ۔ الف یاء سے بدل گیا یعنی يَهْدٰی کے بجائے يَهْدِيْ۔
- يَهْدِيْ کی جمع يَهْدُوْنَ ہوگی تا کہ آپ آرام سے کہہ سکیں: يَهْدُوْنَ!
- امر کی چابی: يَهْدِيْ کا یاء گرائیے۔ آخری حرف کمزور ہے تو وہ حکم سنتے ہی ڈر کر بھاگے گا تو رہ جاتا ہے هْدِ۔ چونکہ عربی الفاظ کو اس طرح نہیں پڑھا جا سکتا اس لیے سامنے ہمزہ لگانا پڑے گا: اِهْدِ۔ اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!
- هُوَ هَدٰی — هِيَ هَدَتْ: یعنی هَدَاتْ کو کھینچنے کے بجائے آسانی سے کہیے هَدَتْ (ـَاتْ ← ـَتْ)

243 هَدٰی: اس نے ہدایت دی

(خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضٍ | | فعل مضارع | | فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰی | اس نے ہدایت دی | يَهْدِيْ | وہ ہدایت دیتا ہے | اِهْدِ | ہدایت دے! |
| هَدَوْا | ان سب نے ہدایت دی | يَهْدُوْنَ | وہ سب ہدایت دیتے ہیں | اِهْدُوْا | ہدایت دو! |
| هَدَيْتَ | آپ نے ہدایت دی | تَهْدِيْ | آپ ہدایت دیتے ہیں | لَا تَهْدِ | مت ہدایت دے! |
| هَدَيْتُ | میں نے ہدایت دی | أَهْدِيْ | میں ہدایت دیتا ہوں | لَا تَهْدُوْا | مت ہدایت دو! |
| هَدَيْتُمْ | آپ سب نے ہدایت دی | تَهْدُوْنَ | آپ سب ہدایت دیتے ہیں | هَادٍ | ہدایت دینے والا |
| هَدَيْنَا | ہم سب نے ہدایت دی | نَهْدِيْ | ہم سب ہدایت دیتے ہیں | مَهْدِيّ | جسے ہدایت دی گئی |
| هَدَتْ | اس عورت نے ہدایت دی | تَهْدِيْ | وہ ہدایت دیتی ہے | هُدًى/ هِدَايَة | ہدایت دینا |

## ۞۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞۞

| | |
|---|---|
| هَلْ يَهْدِيْ أَحَدًا؟ | لَا يَهْدِيْ أَحَدًا. (صرف اللہ ہدایت دیتا ہے) |
| هَلْ يَهْدُوْنَ أَحَدًا؟ | لَا يَهْدُوْنَ أَحَدًا. |
| هَلْ تَهْدِيْ أَحَدًا؟ | لَا أَهْدِيْ أَحَدًا. |
| هَلْ تَهْدُوْنَ أَحَدًا؟ | لَا نَهْدِيْ أَحَدًا. |

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات وجوابات کیجیے:

- **فعل ماضٍ:** هَلْ هَدَوْا أَحَدًا؟ مَا هَدَوْا أَحَدًا.
- **اسم فاعل/اسم مفعول:** هَلِ اللّٰهُ هَادٍ؟ نَعَمْ، اَللّٰهُ هَادٍ.

هَدٰی ہی کی طرح جَزٰی (اس نے بدلہ دیا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔